Music By Bullo. C. Rani

ڈی ایس کا شاہکار

[illegible]

[illegible]

ادا کاران

اشوک کمار - اوشا کرن

ڈیزی ایرانی

قیمت ۱ر

رونق اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

زندگی میں کبھی کبھی ایسے موڑ بھی آتے ہیں۔ جب کہ انسان کے صبر اور عقل کا امتحان ہوتا ہے ——— ہرنش کی زندگی میں ایک ایسا موڑ آیا۔ اُسکے والد بابرشن گزر چکے تھے۔ گھر کی دیکھ بھال اور کام بھار ہرنش کے ذمہ تھا۔ اسی درمیان ماں کی پُرانی بیماری کی وجہ سے موت ہو گئی ——— آگے پردہ پر دیکھیں

گانے

جیون بیمانہی کے

گانا نمبر ۱

پیپل تلے گھر میرا، کبھی بھولے سے، ساجن پھیرا
دُنیا کی نظروں سے بچ بچ کے چل
کہیں جل جائے نہ جل دو دِنوں کا بسیرا
کبھی بھولے سے....

دِل کی لگی کو گزرے زمانے
مِلنا بھی قسمت میں ہے کہ نہیں کون جانے
میرا مُنہ کھُلے گا نہیں، بند منہ ہے تیرا
کبھی بھولے سے...

چوری چوری دِل کی تہہ میں پیار تیرا پالا ہے
دھڑکنوں کو لوریاں دیکر سنبھالا ہے
میرا دِل نہیں یہ تیرے پیار کا ڈیرہ ہے
کبھی بھولے سے...

کچھ بولتی ہیں، بند ہے زباں، چلے آؤ یہاں

شور مچائیں بھرے ارمان بول! تو ہے کہاں
آ تیرے کانوں میں کہوں میں تیری تو میرا
کبھی بھولے سے...

ہرے ہرے کھیت لہلہائیں جھوم جھوم کے
جیسے گوری پیارے کا آئے ٹھمکا جھوم کے
کھیتوں میں دھان پکا، دل میں پکا پیار تیرا
کبھی بھولے سے...

گانا نمبر ۲

ہو کے بڑا میرا لال کریگا سیوا ہندوستان کی
بن کے جواہر لال بدل دیگا تقدیر جہان کی
ہو کے بڑے ہم سیوا کریں گے اپنے ہندوستان کی
بن کے جواہر لال..... ہو کے بڑا.....

مکھڑے پہ میرے بہیگا پسینہ، سیکھے گا محنت سے جینا
مزدوروں کی آہ سنیگا اور فریاد کسانوں کی
ہو کے بڑا...

کبھی دیا کی بھیک نہ لیگا - ادھیکاروں کیلئے لڑیگا
جس دم دیش پکاریگا - پرواہ نہ کریگا جان کی
ہو کے بڑا.....
بن کے جواہر لال...

سچ کر دونگا ماں کا سپنا - نام کریگا جگ میں اپنا
امن کا جھنڈا لیکے بڑھیگا راہوں میں طوفان کی
ہو کے بڑا...

گانا نمبر ۳

عورت کے دل پر کیا گزرے انسان بھلا کیا جانے
برہن کی کٹیا کیوں روٹھے بھگوان بھلا کیا جانے
دن رات کسی کا تڑپے جگر۔ اس بیدردی کو کیا ہے خبر
کیوں لہریں اپنا سر دھنتی، بھگوان بھلا کیا جانے
روٹھی ہے بہار اُجڑا ہے چمن مالی بھی ہے بلبل کا دشمن
ہائے گرتی بنیا کیا کہتی طوفان بھلا کیا جانے
تاروں میں اداسی چھائی ہے مصیبت رات گھبرائی ہے
کیوں جلتی چتا آئیں بھر کر شمشان بھلا کیا جانے
عورت کے دل پر۔۔۔

گانا نمبر ۴

اہا۔اہا۔آ۔آ۔بہار بیچ کے آئی قرار بیچ کے آئی
میں تیری دنیا میں پیار لے کے آئی
آنکھوں میں لائی ہوں تیری لاکھوں باتیں
کالی کالی زلفوں میں متوالی راتیں
ہائے متوالی راتیں
رنگین ارمانوں کے میں ہار لے کے آئی
میں تیری دنیا۔۔۔
پل بھر کہیں بھی تو جانے نہ دوں گی
دامن میں ساجن کو باندھ کے رکھوں گی
میں باندھ کے رکھوں گی
دامن میں چاہت کے تارے لے کے آئی

ہیں تیری دنیا...

سب سے چھپا کر سنبھالے سنبھالے
پلکوں میں لائی موں ہیں مستی کے پیالے
ہیں مستی کے پیالے
ہونٹوں پہ دیکھے انگارے کے لالی
ہیں تیری دنیا...

گانا نمبر ۵

اے اُجلی راہوں کے راہی ٹھہر ذرا کس اور چلا
ہائے کانٹے دیپ کہیں دے نہ تیرے دامن کو جلا
گھنگھور اندھیری راتیں ہیں آندھی طوفان برسا تیں ہیں
بھول بھلیاں ہیں دنیا کی قدم قدم پر گھاتیں ہیں
کتنا مشکل سفر ہے تیرا یہ بھی کبھی سوچا ہے بھلا
اے اُجلی...

نئی نئی راہوں کے بہانے بھٹک رہا ہے کہاں زمانے
تجھ کو ہی بدنام نہ کر دے تیری ہی خوشیوں کے فسانے
نئی روشنی کے دھوکے میں تو کیوں انگاروں پہ چل نکلا
اے اُجلی...

گانا نمبر ۶

آ اب تو فاصلے کی دیوار گر گئی ہے
آنے کا فصل گل بھی اقرار کر گئی ہے
بس اک نظر سے دیکھ ادھر اپنا ہو کے انجان نہ بن
جب تیرا ہے گھر میں تیری ہوں پھر الگ ہو کے مہمان نہ بن

ہے معافی میرے جیون کا لوبھی یہ بات فقط تجھ سے ہے کہی
بارے جا جگر یا دے جا زہر
دِل موم ہے تو چٹان نہ بن
خوں میں جوانی جوش بھی ہے
بدہوش میں لیکن ہوش بھی ہے
اس اٹھتی لہر سے کھیل مگر
تنکا بن جا طوفان نہ بن
ہے تو بھی وہی میں بھی وہی
قسمت ہے نئی ہے فرق یہی
گیا حد سے گزر اب میرا صبر
آ نادان بھی جا نادان نہ بن

گانا نمبر ۷

میں جیتا جگ ہارا، ہارا، ہارا
میرے پورے پانچ ہیں دشمن کے پورے بار
قسمت کی شطرنج بچھا کر بیٹھے چار کھلاڑی
دو اِس بازو دو اُس بازو چاروں چار اناڑی
میں جو ہمت کی شہ دوں کبھی نہ ہو ہٹارا
نہ جینے دے نہ مرنے دے ایسا برا زمانہ تانا
رو رو کے تو بیٹھے بیٹھے دل پہ جھٹکے بھی ا دے تھا
آج خوشی کا دن ہے سب مگر گاؤں دوارا
میں جیتا ۔۔۔۔

گانا نمبر ۸

میرے اچھے پپیا

کیوں غصے سے ہوئے دونوں گال گیا
پپیا گھر کو لوٹ چلو ادر پی لو ٹھنڈا پانی
سبق کتاب میں لکھا بہت غصہ کرنا نادانی
یوں نہ چھوڑ کر جاؤ چاہے کر لو دھول دھپا
ممی گھر میں روتی ہوگی آنسو بہا بہا کے
یہاں تھک گیا ہوں میں تم سے بنتی سنا سنا کے
کیسے خوش ہوگے پپیا کیا گاؤں تان ٹپا
اگر نہ میری بات سنوگے تو میں بھی روٹھوں گا
سچ کہتا ہوں پپیا غلطی تو سر سے کو دوں گا
پولیس تمہیں پکڑ لے گی لگ جائیگا جرم کا ٹھپا
میرے پپیا . . .

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدردِ عشاق

اگر آپ کا دِل کسی کافر جمال حسینہ کی زُلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمایئے۔ اس کے بہترین عملیات نیز بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے عالم خواہ فائدہ اُٹھایئے۔

قیمت صرف ۔/۱۸ محصولڈاک مُعاف

اندر جال

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جس کیلئے اردو دان احباب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زرکثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱۸ محصولڈاک معاف

زین ایجنٹ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی